© rasailojaraid.com

# ضروری ہدایات

وفاق المدارس کی مجلس عاملہ نے اپنے اجلاس منعقدہ 8 جنوری 2011ء مطابق 3 صفر المظفر 1432ھ میں کتب بنین کے داخلے برائے سال 1432ھ کے لئے داخلہ فارم کے ساتھ طالب علم کی تین تازہ تصاویر (پاسپورٹ سائز) جو کہ مہتمم یا ناظم جامعہ کی تصدیق شدہ ہوں بھیجنا لازمی قرار دیا۔

داخلہ فارم پر تصاویر چسپاں کرنے کا طریقہ درج ذیل ہے

☆ ایک تصویر داخلہ فارم پر بنے ہوئے وفاق المدارس کے مونوگرام کے ساتھ گوند سے چسپاں کریں۔ تصویر پر سامنے کی طرف مدرسہ کی مہر لگائیں اور دستخط کریں۔

☆ دوسری تصویر رول نمبر سلپ کی پشت پر گوند سے چسپاں کریں۔ اس تصویر پر بھی (سامنے سے) مدرسہ کی مہر لگائیں اور دستخط کریں۔

☆ تیسری تصویر کی پشت پر طالب علم کا نام لکھیں اور مدرسہ کی مہر لگا کر دستخط کریں۔ اس تصویر کو داخلہ فارم پر سٹیپلر کیا جائے۔

☆ داخلہ فارم پر ہدایت دی گئی ہے کہ دو عدد شناخت نامہ کی کاپی لف کریں۔ اب آپ صرف شناخت نامہ کا نمبر داخلہ فارم میں درج کریں۔ شناخت نامہ کی کاپی لف کرنے کی ضرورت نہیں۔ تاہم دوران امتحان اصل شناخت نامہ چیک کیا جائے گا۔

☆ داخلہ فارموں کے ساتھ جو کوائف نامہ وفاق المدارس کی طرف سے ارسال کیا گیا ہے۔ اس میں تمام درجات کی تعداد داخلہ اور فیس کی تفصیل درج کریں نیز فیس کا ثبوت یعنی آن لائن کی رسید / اصل ڈرافٹ یا منی آرڈر رسید کی نقل بھی لف کریں۔ بصورت دیگر داخلہ فارم واپس کر دیے جائیں گے۔

☆ اسناد کی تصدیق کی فیس مبلغ ایک سو (100) روپے (ایک سیٹ کے لئے) ہے۔

تصدیق اور مثنیٰ اسناد کی فیس کا ثبوت لف کرنا ضروری ہے۔ ثبوت لف نہ ہونے کی صورت میں دفتری کارروائی نہ ہوگی۔

## مثنیٰ اسناد کی شرح فیس

| | | |
|---|---|---|
| تحفیظ القرآن الکریم 200 روپے | متوسطہ 200 روپے | ثانویہ عامہ 200 روپے |
| ثانویہ خاصہ 400 روپے | عالیہ 400 روپے | عالمیہ 600 روپے |

© rasailojaraid.com